# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

## Date: 06-August-2026

## Time :07:30 PM

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔۔ وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں کابینہ میٹنگ منعقد // ملک بھر میں GOBARdhan اسکیم کی عمل آوری کو منظوری

✓ ۲ ۔۔۔۔۔ اِسرو نے جموں وکشمیر میں خلائی ٹیکنالوجی کے کئی پروگرام عملائے ہیں // راجیہ سبھا میں دی مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے جانکاری

✓ ۳ ۔۔۔۔۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے راجوری میں بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہوئی صورتحال کا لیا جائزہ

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ نے جموں وکشمیر کے ابھرتے فلم سازوں کے کمپیٹیشن کا کیا اعلان۔

کابینہ

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ کابینہ کمیٹی کی میٹنگ میں نیشنل بائیو اینرجی اسکیم GOBARdhan کی عمل آوری کومنظوری دی ہے۔اس اسکیم کا مقصد ملک میں قدرتی طور دستیاب ایندھن کو بروئے کار لانا اور اسکے استعمال کو منظم بنانا ہے۔ یہ اسکیم مالی سال 2026.27 سے 2035.36 تک عملائی جائے گی۔اس کیلئے 2 کھرب 37ارب 31 کروڑ روپے کی رقم منظور کی گئی ہے۔کابینہ میٹنگ میں کئی دیگر منصوبوں کی عمل آوری کو بھی منظوری دی گئی۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج بھی اپوزیشن ممبران کے احتجاج کے نتیجے میں متاثر رہی۔لوک سبھا کا اجلاس صبح 11 بجے شروع ہوا تاہم اپوزیشن کے ممبران نے وقفہ سوالات کے دوران نیٹ پیپر لیک معاملے پرنئی دلی میں طالب علموں کے احتجاج کے دوران پولیس کی مبینہ کارروائیوں پر احتجاج کیا۔جس کے بعد ایوان کی کارروائی کو پہلے دوپہر دو بجے تک اور بعد میں کل صبح گیارہ بجے کیلئے ملتوی کیا گیا۔

سیتارمن

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کی تنسیخ کے بعد مرکز نے جموں وکشمیر کو معقول مالی اور انتظامی معاونت فراہم کی ہے۔ راجیہ سبھا میں اخراجات کی منظوری سے متعلق بِل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر پولیس کے اہلکاروں کی تنخواہیں اور پینشن مرکزی سرکار ادا کرتی ہے اوراس پر سالانہ تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے کا خرچہ آتا ہے۔

اِسرو جے کے

بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے جموں وکشمیر میں پچھلے 5 برسوں کے درمیان سیٹیلائٹ پر مبنی ایپلی کیشن اور خلائی ٹیکنالوجی کے کئی پروگرام عملائے ہیں۔اس بات کی جانکاری سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں دی۔انہوں نے کہا کہ کارگر مواصلاتی سیٹیلائٹس میں سے 12 سیٹیلائٹ جموں وکشمیر کا بھی احاطہ کرتے ہیں۔ان پروگراموں میں موسم کی پیشگوئی کے علاوہ دیگر کئی پروگرام بھی شامل ہیں۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج راجوری ضلعے کے کئی علاقوں کا دورہ کرکے وہاں حالیہ بارش اور سیلابی صورتحال سے پیدا ہوئے حالات اور املاک کو پہنچے نقصان کا جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ نے متاثرہ افراد کے ساتھ بات چیت کرکے انہیں حکومت کی جانب سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ضلع انتظامیہ کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں وزیراعلیٰ نے متاثرین کی بازآبادکاری اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو میں سرعت لانے کی ہدایت دی۔بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا۔

----V/O-----

راجوری سے جموں واپسی کے دوران وزیراعلیٰ نے Sungal ٹنل پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

جاوید رانا

اس دوران جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلع کے سرحدی جبر ال علاقے کا دورہ کرکے وہاں بارش سے پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ افراد کی بازآبادکاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔وزیر موصوف نے متاثرین کو ابتدائی راحت پہنچانے کیلئے ضلع انتظامیہ کی سراہنا کی۔

ست شرما

اُدھر بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج جموں وکشمیر میں حالیہ دنوں قدرتی آفات سے پیدا ہوئے صورتحال کے تناظر میں متاثرہ کنبوں کو خصوصی مالی امداد اور باز آبادکاری پیکیج فراہم کرنے کی مانگ کی۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج اننت ناگ ضلع کے بجبہاڑہ میں واقع جبلی پورہ فروٹ منڈی کا دورہ کیا۔ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی اُنکے ہمراہ تھے۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید نے اطلاع دی ہے کہ میوہ اگانے والے کسانوں اور فروٹ منڈی کے تاجروں نے کئی مسائل وزیر کی نوٹس میں لائے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ سرکار جبلی پورہ فروٹ منڈی میں جدید ترین سہولیات فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

**----Javid Dar----**

سکینہ ایتو

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار طبی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانے اور جموں وکشمیر کے ہر بچے کو تعلیم کے ذریعے بااختیار بنانے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے ان باتوں کا اظہار کولگام ضلع کے دمحال ہانجی پورہ میں منعقد کئے گئے ایک روزہ میگا ہیلتھ کیمپ میں کیا۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق موصوفہ نے علاقے میں پرائمری اسکول کی عمارت کے علاوہ دیگر کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔ سکینہ ایتو نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ سرکاری فلاحی اسکیموں سے استفادہ کریں۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے آج اننت ناگ میں **Late legends memorial** فٹبال ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔ یہ ٹورنامنٹ نشہ مکت مہم کو تقویت بخشنے کے مقصد سے منعقد کیا جارہا ہے۔ اس موقعے پر وزیر نے کہا کہ سرکار کھیل سرگرمیوں کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

اٹل ڈلو

محکمہ زراعت کے جموں وکشمیر **Competatativeness** اِمپرومنٹ پروجیکٹ **JKCIP** اور ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام **HADP** کے تحت ایس کے آئی سی سی سرینگر میں آج سے دوروزہ پروجیکٹ پارٹنرس لرننگ فورم **2026** آغاز ہوا۔ خواتین کسانوں کے بین الاقوامی سال کی مناسبت سے منعقد کئے گئے اس پروگرام کا افتتاح چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کیا۔

انہوں نے کہا کہ زرعی سیکٹر کی پائیدار اور جامع ترقی کیلئے اختراعی طریقہ کار اپنایا جانا چاہئے۔ چیف سیکریٹری نے اس مقصد کیلئے ادارہ جاتی ہم آہنگی پر بھی زور دیا۔ اس **2** روزہ پروگرام کا موضوع ہے ''خواتین کو بااختیار بنانا۔ زراعت میں تبدیلی لانا''۔

مندیپ کور

مکانات وشہری ترقی محکمہ کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور نے آج آلوچی باغ سرینگر میں تعمیر کئے جارہے جدید ذبح خانہ پر جاری کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس کام میں معیار کو برقرار رکھنے اور پروجیکٹ کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ بعد میں سیکریٹری موصوفہ نے اس علاقے میں شجرکاری مہم کی قیادت کی۔

**Break**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

فلم رجسٹریشن

محکمہ اطلاعات وتعلقات نامہ میں جموں وکشمیر کے اُبھرتے ہوئے فلم سازوں کی حوصلہ افزائی کیلئے **IFFJK Emerging film makers competition 2026** کا اعلان کیا ہے۔ یہ مقابلہ جموں وکشمیر کے پہلے بین الاقوامی فلم میلے کے ایک حصے کے طور منعقد ہوگا۔ مقابلے میں شرکت کیلئے رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع ہوا۔ مقابلے میں حصہ لینے والوں کیلئے عمر کی حد **18** سے **39** سال مقرر کی گئی ہے۔ شرکاء کے پاس جموں وکشمیر کی ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کا ہونا لازمی ہے۔ خواہشمند افراد **www.iffjk.org** پر اپنی رجسٹریشن کرسکتے ہیں۔

---

سینسس

ڈائریکٹوریٹ آف سینسس آپریشنز کے اہتمام سے سرینگر میں ماسٹر ٹرینرس کے لئے منعقدہ **3** روزہ تربیتی پروگرام آج اختتام پذیر ہوا۔ سرینگر میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران چیف پرنسپل سینسس آفیسر اور جموں کشمیر ولداخ کیلئے ڈائریکٹر سینسس آپریشنز امت شرما نے کہا کہ پروگرام کے دوران ماسٹر ٹرینرس کو مردم شماری کے دوسرے مرحلے کے بارے میں تربیت فراہم کی گئی۔ ہمارے نمائندے محمود احمد خان کے ساتھ بات کرتے ہوئے امت شرما نے کہا۔

---**Byte**----

نشر مکت لکرناگ

اُدھر بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج جموں وکشمیر میں حالیہ دنوں قدرتی آفات سے پیدا ہوئے صورتحال کے تناظر میں متاثرہ کنبوں کوخصوصی مالی امداد اور باز آبادکاری پیکیج فراہم کرنے کی مانگ کی۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے احسن طریقے پر جاری ہے۔بھگوتی نگر جموں سے آج ایک ہزار **801** یاتریوں پرمشتمل **28**واں قافلہ وادی پہنچا۔ آج بھی سینکڑوں کی تعداد میں یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

ڈی سی اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ جاکر وہاں داخل شری امرناتھ جی یاتریوں کی عیادت کی۔واضح رہے کہ آج صبح بجبہاڑہ میں یاتریوں کی ایک گاڑی کو حادثہ پیش آیا،جس میں **4** یاتری زخمی ہو گئے۔اس دوران ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جارہی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت بہاؤالدین نقشبند رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز ہوا ہے۔ اس سلسلے میں اُن کے آستان عالیہ واقع خواجہ بازار سرینگر میں نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات اور درود واذکار کی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے۔عرس کی مرکزی تقریب ماہِ ربیع الاول کی **3** تاریخ کو منائی جائے گی۔دریں اثناء آثار شریف پنجورہ شوپیاں کے متولی میر بشیر احمد نے میلادالنبی ﷺ کے سلسلے میں عقیدتمندوں کیلئے مناسب سہولیات دستیاب رکھنے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ اُن کی جماعت عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنی جدو جہد جاری رکھے گی۔سرینگر میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے میں سنجیدگی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔اس دوران پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ماہر تعلیم بشیر احمد مسعودی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔مرحوم بشیر احمد مسعودی ایم ایل اے پانپور حسنین مسعودی کے چاچا تھے۔

بی جے پی

بی جے پی جموں وکشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور جنرل سیکریٹری انور خان نے آج بارہمولہ میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کیا۔اشوک کول نے کارکنوں سے تلقین کی کہ وہ پارٹی کا ایجنڈا عام لوگوں تک پہنچانے کیلئے مناسب اقدامات کریں۔اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے محمد انور خان نے ورکروں سے تلقین کی کہ وہ نظم وضبط کے ساتھ پارٹی کے منشور کو آگے بڑھائیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21.6** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **46** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **27** منٹ پر ہوگا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔